# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

## محکمہ زراعت پنجاب نے دھان کی پتہ لپیٹ سنڈی بارے ایڈوائزری جاری کردی

لاہور: **18** اگست **2026**: ایڈوائزری کے مطابق محکمہ زراعت پنجاب کی فیلڈ رپورٹس کے مطابق دھان کی فصل پر پتہ لپیٹ سنڈی کا حملہ مشاہدہ میں آ رہا ہے۔کاشتکار پتہ لپیٹ سنڈی کے تدارک کے لیے فصل کی باقاعدگی سے ہفتہ وار پیسٹ سکاؤٹنگ کریں اورجڑی بوٹیوں کی تلفی یقینی بنائیں۔سنڈی کی موثر نگرانی کیلئے روشنی کے پھندے لگائیں۔نائٹروجن والی کھادوں کے زیادہ استعمال سے گریز کریں۔ پتہ لپیٹ سنڈی کا حملہ نقصان کی معاشی حد سے زیادہ ہونے کی صورت میں دھان کے کاشتکار کیڑے مار زہروں کا سپرے محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے کریں اور وقفہ قبل از برداشت (PHI) کو مدنظر رکھتے ہوئے سپرے کریں۔

☆☆☆☆